

پروفیسر الفرید ظفر پرنسپل پی جی ایم آئی
امیرالدین میڈیکل کالج و لاہور جنرل ہسپتال

پریس ریلیز

پروفیسر سردار الفرید ظفر پی جی ایم آئی ،جنرل ہسپتال و امیر الدین میڈیکل کالج کے ریگولر پرنسپل تعینات

نئے پرنسپل کا تعلق ایسے گھرانے سے ہے جنہوں نے طب کے میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا: پروفیسر خالد محمود

ان کی تعیناتی سے طبی تعلیم میں مزید بہتری اور نئے ڈاکٹرز کو زیادہ بہتر مہارت حاصل ہو سکے گی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی آئی این ایس کی مبارکباد

لاہور 11 نومبر:......پنجاب حکومت نے انتہائی محنتی اور ممتاز گائناکالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کو مستقل پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ،امیر الدین میڈیکل کالج اور لاہور جنرل ہسپتال تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ان کا شمار طب کے اعلیٰ مہارت کے حامل اساتذہ و معالجین میں ہوتا ہے وہ انتظامی امور احسن طریقہ سے ادا کرنے کا وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں۔

پروفیسر محمد الفرید ظفر کی بطور پرنسپل تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا ہے کہ موجودہ جدید طب اور سائنسی دور میں پروفیسر الفرید ظفر میڈیکل ایجوکیشن میں ریسرچ کو آگے لے جانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ان کی تعیناتی سے طبی تعلیم میں مزید بہتری آئے گی اور نئے آنے والے ڈاکٹرز کو زیادہ بہتر مہارت حاصل ہو سکے گی۔پروفیسر خالد محمود نے کہا کہ نئے پرنسپل کا تعلق ایسے گھرانے سے ہے جنہوں نے طب کے میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا اس لیے اُن کے بطور پرنسپل ان اداروں میں نوجوان ڈاکٹرز میڈیکل کے شعبے میں اپنا نام پیدا کریں گے۔پروفیسر خالد محمود نے اس امید کا اظہار کیا کہ پرنسپل محمد الفرید ظفر اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مریضوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات کی فراہمی اور میڈیکل،نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلباو طالبات کو اپنی صلاحیتوں سے مزید نکھاریں گے اور ان اداروں کیلئے نیک نامی کا باعث بھی بنیں گے۔

☆☆☆